# زينب كو گُمان كب تها يه حشر بپا هوگا

زينب كو گُمان كب تها يه حشر بپا هوگا
اك روز تهے خنجر بهائي كا گلا هوگا

اصغر كو ليئے رن ميں جاتے هيں شهِ والا
خيمے ميں تلاطُم هے كيا جانے يه كيا هوگا

تيں روز كے پياسے تهے سوكها تها گلا شه كا
اے شمر تيرا خنجر كس طرح چلا هوگا

غربت ميں خدا جانے شبّير سے پيري ميں
لاشه علي اكبر كا كس طرح اُٹها هوگا

دنيا هي نگاهوں ميں تاريك هوئي هوگي
جب خاك ميں بانو كا وه چاند چهپا هوگا

بازو ميں رسن هوگي ناموسِ پيمبر كے
معصوم سكينه كا رسّي ميں گلا هوگا

خیمے میں پہنچنا جب ممکن نہ ہوا پانی
عباسِ دِلاور کا دل ٹوٹ گیا ہوگا

تھرّانے لگا ہوگا عباس کا لاشہ بھي
ہمشیر کا بازو جب رسّي میں بندھا ہوگا

جب طوق گلے میں تھا اور پاوں میں زنجیریں
تا شام بھلا کیسے بیمار چلا ہوگا

تھرّانے لگا ہوگا ھاتھوں میں قلم عشرت
یہ درد بھرا نوحہ جب تونے لکھا ہوگا

✱✱✱✱✱